ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

14 مئی 2018

دی مہسانہ اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، مہسانہ (گجرات)۔جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے ''دی مہسانہ اربن کوآپریٹیو بینک لمٹیڈ، مہسانہ (گجرات) پر ایک کروڑ روپیہ (Rs.1Crore Only)) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے ریزروبینک نے اس کوآپریٹیو بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے۔(جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس کے ذریعہ ریزروبینک کی شہری کوآپریٹیو بینکوں کو جاری ہدایات/ رہنما خطوط جو کہ بینک کے ڈائریکٹرس اور ان کے قریبی رشتہ داروں کو قرض کی منظوری، اپنے صارف کو پہچانئے اور منی لانڈرنگ مخالف قوانین کی خلاف ورزیاں کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں اس کوآپریٹیو بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا۔ معاملہ کی نوعیت اور بینک کے جواب اور ذاتی وضاحت پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کردیا۔

پریس ریلیز 2983/2017-2018

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر